SHINE LAWYERS
RIGHT WRONG.

رازدارانہ اور کلائنٹ کے قانونی استحقاق سے مشروط

**ISGM**کلاس ایکشن اپ ڈیٹ - مئی**2019**

**Robert Mutch** بم**ISG Management Pty Ltd**

**ISG Management Pty Ltd (ISGM**) کے خلاف کلاس ایکشن کے لیے شائن لائرز (**Shine**) کے ساتھ رجسٹر کرنے کے لیے ایک دفعہ پھر آپ کا شکریہ۔ ہم نے کیس کی حیثیت کے حوالے سے آپ کو اپ ڈیٹ فراہم کرنے کے لیے تحریر کیا ہے۔

مارچ 2019 میں ہمارے گذشتہ اپ ڈیٹ کے بعد، ISGMنے اپنے دفاع کے لیے ایک درخواست دائر کی تھی، جس میں انہوں نے ان الزامات کی تردید کی ہے کہ ISGM کے ساتھ ذیلی معاہدے کے انتظامات کرنے والے گروپ ممبران درحقیقت ISGM کے ملازمین تھے۔

مورخہ 14 مئی 2019 کو فریقین Shine) اور (ISGM کئی قانونی معاملات کو زیر بحث لانے کے لیے کیس مینیجمنٹ کی سماعت کے لیے آسٹریلیا کی وفاقی عدالت کے سامنے پیش ہوئے، بشمول جوابی دعویٰ ,بحالی درخواست ,کامن فنڈ آرڈر اور اخراج/انتخاب کی درخواست۔ عدالت کی جانب سے ان کی سماعت اگست 2019 کے اوائل میں یا اکتوبر 2019 کے اوائل میں، عدالت کی دستیابی پر منحصر ہے، کی جائے گی۔ ایک دفعہ سماعت کی تاریخ کی تصدیق ہو جانے کے بعد ہم آپ سے رابطے میں ہوں گے۔

ہم اس کیس میں کامیابی کے امکان پر کافی حد تک یقین رکھتے ہیں اور انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے تک اس پر انتھک طور پر کام کریں گے اور آپ وہ بینیفٹس حاصل کریں گے جس کے آپ منصفانہ طور پر حقدار ہیں۔ ہم اس کلاس ایکشن اور رجسٹریشن کے عمل کے حوالے سے آپ کے ساتھی ورکرز کو مطلع کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں تاکہ کیس کے حوالے سے زیادہ سے زیادہ ممکنہ معاونت حاصل کی جا سکے۔

اگر آپ کے پاس اس اپ ڈیٹ یا کلاس ایکشن کے کسی پہلو کے حوالے سے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم **(02) 8754 7246** یا **1800 316 471**پر کال یا **isgmclassaction@shine.com.au** پر ہمیں ای میل کرتے ہوئے بلاجھجھک رابطہ کریں

کیس مینیجمنٹ سماعت کی مکمل تفصیلات:

جوابی دعوی

اس دفاع کے علاوہ، ISGMنے سرکردہ درخواست گزار، رابرٹ مچ (Robert Mutch) اور جس کمپنی کا وہ ڈائریکٹر تھا، دونوں کے خلاف جوابی دعوی دائر کیا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ISGM کے جوابی دعوی کی کامیابی کا امکان بہت کم ہے اور ہم جوابی دعوی کو خارج کرنے کے لیے درخواست داخل کریں گے۔

جوابی دعوی میں، ISGMنے الزام عائد کیا ہے کہ اگر مسٹر مچ اپنے دعوی میں کامیاب ہوا، تو ISGM اس رقم کی دوبارہ ادائیگی کے لیے حقدار ہونے کا استحقاق رکھے گی جو کہ اس نے اس کمپنی کو اسے ذیلی ٹھیکہ دینے کے لیے ادا کی تھی۔

ISGMالزام عائد کرتا ہے کہ اگر مسٹر مچ کامیاب ہوا اور ISGM کا ملازم پایا گیا، تو پھر اس کی کمپنی اور ذاتی طور پر وہ خود، ایک ایسے معاہدے پر دستخط کرتے ہوئے جو فریقین کے مابین تعلق کو واضح طور پرایک خودمختار کنٹریکٹر کے طور پر نہ کہ ملازم/آجر کے طور پر ظاہر کرتا ہے، ایک گمراہ کن اور دھوکہ آمیز رویے کے مرتکب ہوئے ہیں۔

بحالی درخواست

ای میل اپ ڈیٹ کی تاریخ پر، وہ کمپنی جس کا سرکردہ درخواست گزار (**MBC**) Mutch Better Communications Pty Ltd کا ڈائریکٹر تھا، اس کی رجسٹریشن کو ختم کر دیا گیا ہے۔

ISGMنے MBC کی بحالی کے آرڈرز طلب کرنے کے لیے درخواست دائر کی ہے کہ وہ اس کے خلاف جوابی دعوی کے لیے کاروائی کر سکتے ہیں۔ بحالی کی درخواست ممکنہ طور پر جسٹس برومبرگ (Bromberg) کی جانب سے بیک وقت سنی جانے کا امکان ہے کیونکہ وہی جوابی دعوی کو خارج کرنے کی ہماری درخواست کی سماعت کریں گے۔

کامن فنڈ آرڈر

مارچ کے اپ ڈیٹ کے بعد، ہم کامن فنڈ آرڈر کے حوالے سے ایک درخواست لے کر آئے ہیں۔ کامن فنڈ آرڈر فنڈنگ کی شرائط کے سلسلے میں ایک آرڈر ہے جس کا سرکردہ درخواست گزار کی جانب سے مقدمہ لڑنے کے عمل کے فنڈر کے ساتھ اس کے پورے گروپ پر اطلاق کے لیے درج کیا گیا ہے۔

کامن فنڈ آرڈر کے لیے درخواست کے حوالے سے ہمیں ثبوت فراہم کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ کلاس ایکشن کی سماعتوں میں، سرکردہ درخواست گزار اور تمام گروپ ممبران کے مفادات کے تحفظ اور انصاف کو یقینی بنانے کے لیے کامن فنڈ آرڈرز اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اگر کامن فنڈ آرڈر کی درخواست کامیاب ہو جاتی ہے تو تمام گروپ ممبرز اپنی ریکوری کو ایک حصہ مستعار قانونی کاروائی کی خدمات Litigation Lending Services (**LLS**)کو ادا کریں گے، جو کہ کلاس ایکشن کے قانونی اخراجات کے لیے فنڈنگ کر رہی ہے۔

اخراج یا انتخاب کی درخواست

مورخہ 10 مئی 2019 کو ISGM نے 'اخراجی' آرڈر طلب کرنے کے لیے درخواست دائر کی ہے۔

اگر ISGM اپنی درخواست میں کامیاب ہو جاتا ہے تو اس کا اثر یہ ہو گا کہ یہ کیس کلاس ایکشن کے طور پر چلنے سے رک جائے گا اور ہر گروپ ممبر کو ISGM کے خلاف علیحدہ دعوی دائر کرنے کی ضرورت ہو گی۔ ایسا آرڈر دینے کے لیے، عدالت کو اس حوالے سے اطمینان کی ضرورت ہو گی کہ کیس کی سماعت کو بطور کلاس ایکشن تائید کرنے کے لیے گروپ ممبران کے دعووں کے مابین ناکافی مشترکہ مسائل موجود ہوں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ' ISGM's اخراج کی درخواست ناکام ہو گیخاص طور پر ISGM کی جانب سے معیاری کردہ کام کے نظام کے اطلاق کے حوالے سے جس کا اطلاق تمام ذیلی کنٹریکٹرز پر بھی ہوتا ہے۔

درخواست کے اخراج اور ISGM کی متبادل درخواست کے حوالے سے کلاس ایکشن کو 'انتخاب' کی بنیاد پر سر انجام دیا جائے، اس کے حوالے سے ثبوت فراہم کرنے کے ضمن میں فریقین کو حکم دیا گیا ہے۔